| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی چونتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'گھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'گھ' کی آواز ، الفاظ پہچان سکیں ۔'گھ' کو ا ، و ، ی ، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ اور کھ کے فلیش کارڈ زدکھا کر آوازیں اور الفاظ دہرائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'گھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز بتائی جائے گی اور بتایا جائے گا کہ 'گ' اور دو چشمی ھ کو ملا دیا جائے تو گ 'گھ' بن جاتا ہے۔گھ کوا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سیاہ سفید پر لکھیے۔بچوں سے پڑھائی کروایئے گا، گھا کروایئے۔'گھ' کے الفاظ فلیش کارڈز تختہ سفید/ نرم پر چسپاں کر کے درست ہجوں کے ساتھ ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔( گھ، گھو، گھی، گھے یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔بچوں سے ہوا میں گھا، گھو، گھی اور گھے لکھنے کی مشق کروایئے۔آواز کی دہرائی تین سے چار بار کے الفاظ = گھوڑا، گھر، گھاس، گھونسلہ، گھی، گھڑی، گھبرانہ، گھاٹ وغیرہ)۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ریتلی تھالی دے کر گھا، گھو، گھی اور گھے لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی اور درست بناوٹ پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔تختہ سفید/ سیاہ پر گھ کے الفاظ اور کچھ مختلف الفاظ لکھ کر بچوں سے 'گھ' کے الفاظ میں 'گھ' کے گرد دائرہ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 88 کھولنے کو کہا جائے گا گ کو ھ سے ملا کر لکھنے اور گھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔اچھا کام کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'گھ' کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'گھ' لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھاری حرف 'گھ' کا فلیش کارڈ<br>'گھ' کے الفاظ فلیش کارڈز<br>ریتلی تھالی<br>کتاب صفحہ نمبر 88 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'گھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی چونتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'گھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'گھ' کے الفاظ پڑھ سکیں جملے لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'گھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | گھر تصویر<br>فلیش کارڈ<br>'گھ'<br>الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'گھ' کی آواز اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'گھر' کا تصویر فلیش کارڈ دکھا کر بتائے گی کہ یہ 'گھر' ہے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر گھ + ر لکھ کر 'گھر' کے جوڑ کرنا بتائے جائیں گے۔<br>بچوں کو 'گھ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ اور گھ کے الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ بچوں کو 'گھ' فلیش کارڈ الگ کرنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 89 کھولنے کو کہا جائے گا۔ لفظ 'گھر' کی لکھائی کرنے اور اپنے گھر کی تصویر بنانے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ<br>89 | |
| | **اختتامیہ:**<br>گھر، گھوڑا، گھاس، گھی کے الفاظ دکھا کر ان کی پڑھائی کروایئے۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر گھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | چونتسواں ہفتہ | موضوع: | پڑھیے، لکھیے اور رنگ بھریے | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جملوں کی پڑھائی کر سکیں۔ جملوں کی لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'گھ' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بچوں کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر 'گھر' کا فلیش کارڈ چسپاں کر کے نیچے لکھا جائے گا 'ماریہ کا گھر' بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ماریا کے گھر کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں پوچھیے۔ آپ کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ گھر میں آپ کا پسندیدہ کمرہ کونسا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہمارے گھروں میں مختلف کمرے ہوتے ہیں جیسا کہ کھانے کا کمرا، سونے کا کمرہ، پڑھنے کا کمرہ، مہمانوں کے بیٹھنے کا کمرا وغیرہ۔ ان تمام کمروں کی تصاویر بچوں کو دکھایے۔ | 10 منٹ | گھر کتاب صفحہ 90 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 90 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ماریا کے گھر میں بہت سے کمرے ہیں۔ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی بچوں سے جملے لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے گھروں میں موجود کمروں کے نام پوچھیے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی    چونتیسواں ہفتہ | موضوع: | ماریہ کا گھر | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جملوں کی پڑھائی کر سکیں۔ جملوں کی لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے گذشتہ دن پڑھے ہوئے سبق ماریا کا گھر کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بچوں کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم ماریہ کے گھر کے بارے میں پڑھ رہے ہیں۔ آج ہم ماریہ کے گھر کے باقی کمروں کے بارے میں جانیں گے۔ مہمانوں کا کمرا، ٹی وی دیکھنے کا کمرا، غسل خانہ، باورچی خانہ اور گھر کا صحن کی تصاویر دکھا کر ان کمروں کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ وہ اپنا زیادہ تر وقت کس کمرے میں گزارتے ہیں؟ اور کیوں | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 91 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ماریہ کا گھر تمام الفاظ فلیش کارڈ بچوں کو دے کر ان سے جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ مثال کے طور پر یہ باورچی خانہ ہے۔ تمام الفاظ فلیش کارڈ کو اکٹھا کر کے جملہ پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 91 کھولنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر ان کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہا جائے گا۔ جملوں کی لکھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>تمام جملوں کی دہرائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چونتسواں ہفتہ | موضوع: | پڑھیے اور لکھیے | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جملوں کی پڑھائی کر سکیں۔ جملوں کی لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے گھر میں موجود کمروں کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بچوں کی پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ باورچی خانہ کا استعمال کس لیے ہوتا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ باورچی خانہ میں کھانا پکایا جاتا ہے اور کھانے کے کمرے میں بیٹھ کر سب مل کر کھانا کھاتے ہیں۔ غسل خانہ کا استعمال نہانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 92 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے سوالات کیجیے۔<br>1. آپ کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ 2. امی جان کھانا کہاں پکاتی ہیں؟<br>3. آپ کے کمرے کا رنگ کیا ہے؟ 4. آپ کہاں نہاتے ہیں؟<br>5. آپ صحن میں کیا کرتے ہیں؟ 6. پڑھنے کا کمرا کس لیے ہوتا ہے؟<br>بچوں سے سوالات کے جوابات لکھنے اور تصاویر بنا کر رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 92<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>باورچی خانہ، غسل خانہ، صحن، کمرے الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'میرا گھر' پر پانچ جملے لکھیں۔ | 5 منٹ | | |